قرآنی عربی پروگرام

لیول 1: بنیادی عربی زبان (جوابات)

محمد مبشر نذیر

اس لیول کے اختتام پر انشاء اللہ آپ روز مرہ دینی معاملات میں استعمال ہونے والی عربی زبان سے واقف ہو جائیں گے۔

یہ اس کتاب کا بیٹا ورژن ہے۔ اس کتاب کی نظر ثانی کا کام ابھی جاری ہے۔ اس وجہ سے اس کتاب میں زبان، اعراب اور گرامر کی غلطیاں پائی جا سکتی ہیں۔

فہرست

صفحہ	عنوان

تعارف

محترم قارئین! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عربی زبان سیکھنے کے لئے "قرآنی عربی پروگرام" کے انتخاب کا بہت بہت شکریہ۔ اس پروگرام میں انشاء اللہ ہم متعدد اسباق کے ذریعے عربی زبان سیکھیں گے۔ اس پروگرام کے اختتام پر انشاء اللہ آپ قرآن و حدیث اور مسلم علماء کی عربی کتب کے مطالعے پر قادر ہو جائیں گے۔ اس پروگرام کو اس طرح سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ آپ نہایت ہی آسانی کے ساتھ درجہ بدرجہ ادبیات اسلامیہ میں استعمال ہونے والی عربی زبان سیکھ سکتے ہیں۔ اس پروگرام کو قرآنی عربی پروگرام کا نام دینے کی وجہ یہ ہے کہ اس پروگرام کا محور و مرکز "قرآن مجید" ہے۔

لوگ عموماً دو وجوہات کی بنیاد پر عربی سیکھتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ قرآن مجید، احادیث اور اسلامی لٹریچر کو سمجھا جاسکے اور دوسرے یہ کہ عربوں کے ساتھ جدید عربی میں گفتگو کی جاسکے۔ یہ پروگرام پہلے مقصد کی تکمیل کے لئے وضع کیا گیا ہے البتہ دوسرے مقصد کے لئے عربی سیکھنے والے بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

عربی دنیا کی منظم ترین زبان ہے۔ اس کی وجہ سے اس کا سیکھنا بہت آسان ہے۔ اس کے قواعد و ضوابط بہت واضح ہیں۔ اگر آپ یہ قواعد و ضوابط سیکھ لیں تو چند ہی ہفتوں میں آپ اس زبان کا بڑا حصہ سمجھ سکتے ہیں۔ قرآن و حدیث کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم قرآن و حدیث اور اسلامی لٹریچر میں استعمال ہونے والی عربی زبان سے واقفیت حاصل کریں۔ اس کے اسالیب کو پہچانیں اور اس کے محاوروں سے واقفیت حاصل کریں۔

اس پروگرام میں عربی سیکھنے کا طریقہ کار نہایت ہی سادہ ہے۔ روزانہ ایک سبق کا مطالعہ کیجیے۔ ہر سبق میں "اپنی صلاحیتوں کا امتحان لیجیے!" کے تحت مشقوں کو حل کیجیے۔ مشقوں کو حل کرنے کی کوشش کرنے سے پہلے جوابات ہرگز نہ دیکھیے۔ بعد میں جوابات کو چیک کیجیے۔ چند ہی ہفتوں میں آپ محسوس کریں گے کہ آپ عربی زبان سمجھنے پر قدرت رکھتے ہیں۔ آپ کی دلچسپی برقرار رکھنے اور معلومات ذہن نشین کروانے کی خاطر بعض معلومات کو الگ باکس کی صورت میں درج کیا گیا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے:

تعمیر شخصیت: اس پروگرام کا مقصد محض عربی سکھانا ہی نہیں ہے بلکہ اپنی شخصیت کو قرآن و سنت کے سانچے میں ڈھالنا بھی ہے۔ اس لئے ہر سبق کے آغاز میں آپ کو یہ باکس ملے گا جس میں تعمیر شخصیت سے متعلق ٹپس دیے جائیں گے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟ عربی زبان اور عربوں سے متعلق دلچسپ معلومات آپ کو اس باکس میں ملیں گی۔

آج کا اصول: زبان کے قوانین اس باکس میں دیے جائیں گے تاکہ آپ انہیں آسانی سے یاد کر سکیں۔

چیلنج! آپ کی زبان دانی کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے آپ کو چیلنج دیا جائے گا جس کی مدد سے آپ عربی زبان کی صلاحیت کو بہتر بنا سکتے ہیں۔

مطالعہ کیجیے! اس باکس میں اچھی کتب اور تحریروں کے لنک فراہم کئے جائیں گے۔

تعارف

اس پروگرام کو اس انداز میں منظم کیا گیا ہے کہ آپ تدریجاً عربی سیکھتے چلے جائیں گے:

- لیول0: اس لیول کا مقصد آپ کو عربی رسم الخط سکھانا ہے۔ اگر آپ پہلے ہی عربی پڑھ سکتے ہیں تو آپ براہ راست لیول 1 سے آغاز کر سکتے ہیں مگر اس لیول کا طائرانہ جائزہ مفید رہے گا۔
- لیول 1: اس لیول کا مقصد یہ ہے کہ آپ روزمرہ مذہبی معمولات میں استعمال ہونے والی عربی سیکھ لیں۔
- لیول2: اس لیول کا مقصد آپ کی زبان کی صلاحیت کو بڑھانا ہے۔ اس میں آپ بنیادی عربی گرامر سیکھتے ہیں اور اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرتے ہیں۔ اس لیول کے اختتام پر آپ ڈکشنری کی مدد سے 30-40% عربی سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔
- لیول3: یہ لیول آپ کی زبان کی صلاحیتوں کو مزید بہتر بناتا ہے۔ اس آپ گرامر کے اعلی مباحث کا مطالعہ کرتے ہیں اور آپ کے ذخیرہ الفاظ میں مزید اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ اس لیول کے اختتام پر آپ ڈکشنری کی مدد سے 75-80% عربی سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔
- لیول4: اس لیول پر پہنچ کر آپ عربی گرامر کا مطالعہ مکمل کر لیتے ہیں۔ آپ کا ذخیرہ الفاظ اس حد تک پہنچ جاتا ہے کہ اب آپ ڈکشنری کی مدد سے 100% عربی سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔
- لیول5: یہ اس پروگرام کا آخری لیول ہے۔ اس لیول پر پہنچ کر آپ علم بلاغت (بشمول علم المعانی، علم البیان اور علم البدیع) کا مطالعہ کرتے ہیں اور زبان میں نازک احساسات کو سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ اب آپ ڈکشنری کا زیادہ استعمال کیے بغیر آرام سے پچھلے ڈیڑھ ہزار سال میں لکھی گئی عربی کتابوں کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔

لیول 1 سے اس پروگرام اسباق کو دو سیریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اے سیریز میں گرامر اور بلاغت کے قوانین سکھائے گئے ہیں۔ ان قوانین کے استعمال کے لئے قرآن مجید سے پریکٹس کروائی گئی ہے۔ بی سیریز میں زبان کے ذخیرہ الفاظ میں اضافے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس مقصد کے لئے قرآن مجید، حدیث اور ادبیات اسلامیہ سے اقتباسات پیش کئے گئے ہیں۔ آپ نے اس کے ذخیرہ الفاظ اور اسالیب کو سیکھتے ہوئے ان اقتباسات کا ترجمہ کرنا ہے۔ آپ کو قوانین یا الفاظ کو رٹنے کی ضرورت نہیں ہے۔ مشقوں کو اس طریقے سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ یہ قوانین اور الفاظ خود بخود آپ کے ذہن میں راسخ ہوتے چلے جائیں گے۔

اس پروگرام کے ذریعے آپ عربی بول چال پر نہ تو قادر ہو سکیں گے اور نہ ہی عربی زبان کے ادیب بن سکیں گے مگر یہ پروگرام آپ کو یہ مقاصد حاصل کرنے میں مدد ضرور کرے گا۔ عربی بول چال پر قدرت کے لئے آپ کو عرب ماحول اور تحریر سیکھنے کے لئے ایک استاذ کی ضرورت رہے گی جو آپ کی تحریروں کی اصلاح کر سکے۔

اس پروگرام کا بنیادی مقصد آپ کو زبان سمجھنے کے قابل بنانا ہے۔ اگر آپ کے ذہن میں کسی بھی سبق سے متعلق کوئی سوال پیدا ہو تو آپ براہ راست مصنف کو ای میل کر کے اپنے سوال کا جواب حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنے تاثرات بھی ای میل کیجیے۔ اہل علم سے گزارش ہے کہ وہ اس کتاب میں جہاں کوئی غلطی دیکھیں تو مصنف کو مطلع فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔ مصنف کا ای میل ایڈریس ہے: mubashirnazir100@gmail.com

تعارف

اپنے کمپیوٹر کو عربی زبان کے سیٹ اپ کر لیجیے۔ طریقہ کار یہ ہے:

Enable the Arabic Language in your computer. Follow these steps:

For Windows Vista Users

- Open "Regional and Language Options" from Control Panel
- Press "Keyboards and Languages" tab.
- Press "Change keyboards…" button
- Press "Add" button
- Select "Input Language: "Arabic"

The system may ask you to provide Windows CD during this process.

Warning: If you are using an unlicensed version of Windows, it may corrupt.

For Windows XP Users

- Open "Regional and Language Options" from Control Panel
- Choose Language tab.
- Check the "Install files for Complex Script and right-to-left languages (Including Thai)".
- Press Apply to proceed
- Press Details button.
- Press Add button.
- Select the "Arabic (Saudi Arabia)" in Input Language drop down list.
- Select the default "Arabic (102)" keyboard.
- Press "OK" and then "Apply".

درج ذیل لنک سے مزید وسائل بھی ڈاؤن لوڈ کر لیجیے۔

www.mubashirnazir.org/Courses/Arabic/Level01/AR000-01-Contents-U.htm

- قرآن مجید اور اس کی ڈکشنریاں
- عربی اور اردو فانٹ
- صخر عربی انگریزی ڈکشنری: اسے اپنے کمپیوٹر پر انسٹال بھی کر لیجیے۔ انسٹال کرنے کے بعد یہ کام کر لیجیے۔

- Open "Regional and Language Options" from Control Panel
- In Regional Options change the standard format to Arabic (Saudi Arabia), and the location to be Saudi Arabia
- Press the 'Advanced' card (The third card up) and then change the language to Arabic (Saudi Arabia), then ok and restart your computer.
- Check that Sakhr Dictionary is working.
- Go back to the Regional Settings and change the settings to your normal settings.

اہم نوٹ

یہ اس کتاب کا بیٹا ورژن ہے۔ اس کتاب کی نظر ثانی کا کام ابھی جاری ہے۔ اس وجہ سے اس کتاب میں زبان، اعراب اور گرامر کی غلطیاں پائی جا سکتی ہیں۔

لیول 0: عربی رسم الخط

اس لیول کے اختتام پر آپ عربی پڑھنے کے قابل ہو جائیں گے۔ اگر آپ عربی پڑھنا جانتے ہیں تو براہ راست لیول 1 سے آغاز کر سکتے ہیں۔ لیکن لیول 0 کے باکسز میں دی ہوئی معلومات کا مطالعہ بہت مفید رہے گا۔

اپنے جوابات کو چیک کیجیے!

اپنے جوابات کو چیک کیجیے۔ ہر لفظ کا ایک نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہو تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

لفظ	حروف	لفظ	حروف	لفظ	حروف	لفظ	حروف
وجد	و ج د	فعل	ف ع ل	سفرة	س ف ر ة	ابدا	ا ب د ا
وسق	و س ق	قترة	ق ت ر ة	صحفا	ص ح ف ا	احدا	ا ح د ا
وقب	و ق ب	قتل	ق ت ل	صمد	ص م د	اخذ	ا خ ذ
ولد	و ل د	قدر	ق د ر	طبق	ط ب ق	اذن	ا ذ ن
وهب	و ھ ب	قرئ	ق ر ئ	طبقا	ط ب ق ا	امر	ا م ر
همزة	ھ م ز ة	قسم	ق س م	طوى	ط و ى	انا	ا ن ا
هدى	ھ د ى	كبد	ک ب د	عبس	ع ب س	بخل	ب خ ل
امن	ا م ن	كتب	ک ت ب	عدل	ع د ل	بررة	ب ر ر ة
اوى	ا و ى	كسب	ک س ب	علق	ع ل ق	جعل	ج ع ل
انية	ا ن ي ة	كفر	ک ف ر	عمد	ع م د	خلق	خ ل ق
الف	ا ل ف	كفوا	ک ف و ا	عنبا	ع ن ب ا	ذكر	ذ ک ر
اين	ا ى ن	لبدا	ل ب د ا	غبرة	غبرة	رفع	ر ف ع
به	ب ہ	لمزة	ل م ز ة	مسد	م س د	رقبة	ر ق ب ة
جاء	ج ا ء	لهب	ل ھ ب	نخرة	ن خ ر ة	سرر	س ر ر

سبق2: نصف حروف تہجی

لفظ	حروف	لفظ	حروف	لفظ	حروف	لفظ	حروف
جائ	ج ا ئ	سلم	س ل م	دافق	د ا ف ق	فيه	ف ي ه
هار	ه ا ر	شدادا	ش د ا د ا	شاهد	ش ا ه د	قال	ق ا ل
نارا	ن ا ر ا	شرابا	ش ر ا ب ا	عابد	ع ا ب د	قول	ق و ل
خيرا	خ ی ر ا	صوابا	ص و ا ب ا	عائلا	ع ا ئ ل ا	كان	ك ا ن
داود	د ا و د	طعام	ط ع ا م	غاسق	غ ا س ق	كيدا	ك ي د ا
رويدا	ر و ی د ا	عذابا	ع ذ ا ب ا	ناصر	ن ا ص ر	كيف	ك ي ف
رضوا	ر ض وا	عطاء	ع ط ا ء	والد	و ا ل د	لوح	ل و ح
رجال	ر ج ا ل	غثاء	غ ث ا ء	أعوذ	أ ع و ذ	ليس	ل ي س
ملك	م ل ك	كتابا	ك ت ا ب ا	أكيد	أ ك ي د	مالا	م ا ل ا
شيئ	ش ي ئ	كراما	ك ر ا م ا	يخاف	ي خ ا ف	خوف	خ و ف
طغى	ط غ ی	لباسا	ل ب ا س ا	يده	ي د ه	ماء	م ا ء
طغوا	ط غ و ا	لسانا	ل س ا ن ا	يقال	ي ق ا ل	ويل	و ي ل
طيرا	ط ي ر ا	مابا	م ا ب ا	ترابا	ت ر ا ب ا	يوم	ي و م
عاد	ع ا د	متاعا	م ت ا ع ا	حسابا	ح س ا ب ا	يره	ي ر ه
على	ع ل ی	مطاع	م ط ا ع	سباتا	س ب ا ت ا	حاسد	ح ا س د
عين	ع ي ن	معاشا	م ع ا ش ا	سراجا	س ر ا ج ا	حافظ	ح ا ف ظ

لفظ	حروف	لفظ	حروف	لفظ	حروف	لفظ	حروف
مفاذا	م ف ا ذ ا	ارتضى	ارت ض ى	بعد	ب ع د	قريب	ق ر ي ب
مهدا	م ه د ا	إرحم	إ رح م	بطش	ب ط ش	كريم	ك ر ي م
نباتا	ن ب ا ت ا	إرتبتم	إرت ب ت م	سعى	س ع ى	مجيد	م ج ي د
وفاتا	و ف ا ت ا	أنذر	أ ن ذ ر	كنت	ك ن ت	محيط	م ح ي ط
ثبورا	ث ب و ر ا	خير	خ ي ر	لست	ل س ت	نعيم	ن ع ي م
رسول	ر س و ل	فاصبر	ف اص ب ر	قران	ق ر ا ن	يتيما	ي ت ي م ا
شهود	ش ه و د	صبرا	ص ب را	بردا	ب ر د ا	يسير	ي س ي ر
قعود	ق ع و د	يسير	ي س ي ر	مرية	م ر ي ة	ذلك	ذ ل ك
وجوه	و ج و ه	غلبا	غ ل ب ا	إرجع	إ ر ج ع	قريش	ق ر ي ش
أثيم	أ ث ي م	عسعس	ع س ع س	إربة	إ ر ب ة	عيشة	ع ي ش ة
أليم	أ ل ي م	يشرب	ي ش رب	مصر	م ص ر	موءدة	م و ء د ة
بصيرا	ب ص ي ر ا	ترهق	ت ره ق	قطر	ق ط ر	موضوعة	م و ض و ع ة
خبير	خ ب ي ر	كشطت	ك ش ط ت	قرطاس	ق رط اس	موازينه	م واز ي ن ه
رحيق	ر ح ي ق	يدخلون	ي دخ ل ون	مرصاد	م رص اد	يومئذ	ي و م ئ ذ
شهيد	ش ه ي د	صنوان	ص ن وان	فرقة	ف ر ق ة	أنت	أ ن ت
عظيم	ع ظ ي م	معصرت	م ع ص رت	من	م ن	إهد	إ ه د

اپنے جوابات کو چیک کیجیے!

یہاں ہم ہر لفظ کو انگریزی میں دے رہے ہیں۔ اس کی آواز کو بھی سنیے۔ ہر لفظ کا ایک نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہو تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ
اَخَذَ	Aakhaza	عَبَسَ	A'abasa	فُعِلَ	Fu'ila
اَذِنَ	Aadhina	عَدَلَ	A'adala	وَقَبْ	Waqab
اَمَرَ	Aamara	فَعَلَ	Fa'ala	قَتَلَ	Qatala
اَنَا	Aanaa	كُتِبَ	Kutiba	قَدَرَ	Qadara
جَعَلَ	Ja'ala	قُتِلَ	Qutila	وَهَبَ	Wahaba
خُلِقَ	Khuliqa	قَدَرَ	Qadara	وُجِدَ	Wujida
ذَكَرَ	Dhakara	كُفِرَ	Kufira	بَعْدَ	Ba'da
رُفِعَ	Rufi'a	فُعِلَ	Fu'ila	لَسْتَ	Lasta
مِصْرَ	Miswr	مِنْ	Min	اَنْعَمْتَ	Aan'amta
مَنْ	Man	إِقْرَءْ	Iqra	أَنْعَمْتَ	Aan'amta
اِرْحَمْ	Irham	أَنْشَرَ	Anshara	اَمْهِلْ	Aamhil
فَاصْبِرْ	Faswbir	أَعْبُدُ	Aa'budu	يَشْهَدُ	Yash-hadu
أَنْذِرْ	Aandhir	نَعْبُدُ	Na'budu	نُشِرَتْ	Nushirat

سبق 4: طویل حرکات

اپنے جوابات کو چیک کیجیے!

یہاں ہم ہر لفظ کو انگریزی میں دے رہے ہیں۔ اس کی آواز کو بھی سنیئے۔ ہر لفظ کا ایک نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہو تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

لفظ	تلفظ	لفظ	تلفظ
اٰمَنَ	Aaamana	أامَنَ	Aaamana
اٰوٰی	Aaawa	أاوٰی	Aaawa
اِلٰفِ	Eelaafi	إيلافِ	Eelaafi
بِهٖ	Bihee	بِهٖ	Bihee
دَاوٗدَ	Dawooda	دَاوُوْدَ	Dawooda
إِسْمٰعِیْلَ	Ismaa'eela	إسْماعِيْلَ	Ismaa'eela

سبق 4: طویل حرکات

تلفظ	لفظ	تلفظ	لفظ
Al-Yateema	اليَتِيْمَ	Lisaanaa	لِسَانًا
Al-Yaseeraa	اليَسِيْرًا	Maaabaa	مَآبًا
Dhaalika	ذَالِكَ	Dhaalika	ذٰلِكَ
Qaala	قَالَ	Qul	قُلْ
Qu'oodu	قُعُوْدُ	Qaa'ada	قٰعَدَ
Haasidu	حَاسِدُ	Haasidu	حٰسِدُ
Haafizwu	حَافِظُ	Haafizwu	حٰفِظُ
Shaahidu	شَاهِدُ	Shaahidu	شٰهِدُ
A'aabidu	عَابِدُ	A'aabidu	عٰبِدُ
Waalidu	وَالِدُ	Waalidu	وٰلِدُ
Aakeedu	اَكِيْدُ	Mihaadaa	مِهٰدًا
Shuhoodu	شُهُوْدُ	Baseeraa	بَصِيْرًا
Wadoodu	وَدُوْدُ	Khabeeraa	خَبِيْرًا
Su'oodu	صُعُوْدُ	Rasoolaa	رَسُوْلًا

سبق 5: حروف لین

اپنے جوابات کو چیک کیجیے!

یہاں ہم ہر لفظ کو انگریزی میں دے رہے ہیں۔ اس کی آواز کو بھی سنیے۔ ہر لفظ کا ایک نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہو تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

تلفظ	لفظ	تلفظ	لفظ
Maudwu'u	مَوضُوعُ	Aaena	أيْنَ
Yauma	يَومَ	Khaera	خَيرُ
Quraeshu	قُرَيشُ	Ruwaedaa	رُوَيدًا
Maudatu	مَوءُودَةُ	Khaufu	خَوفُ
Zaetoona	زَيتُونَ	Taeraa	طَيرًا
Suhaebu	صُهَيبُ	A'aenu	عَينُ
U'maeru	عُمَيرُ	Qaulu	قَولُ
Laesa	لَيسَ	Kaedaa	كَيدًا
Waelu	وَيلُ	Kaefa	كَيفَ
Qaumu	قَومُ	Lauhu	لَوحُ

لیول 1: بنیادی عربی زبان

اس لیول کے اختتام پر انشاء اللہ آپ روز مرہ دینی معاملات میں استعمال ہونے والی عربی زبان سے واقف ہو جائیں گے۔

اپنے جوابات چیک کیجیے!

ہر لفظ کا ایک نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

لفظ	قسم	لفظ	قسم
اللّٰہ	إسم	لِ	حرف
أَكْبَرُ	إسم	أَعُوذُ	فعل
سُبْحَانَ	إسم	بِ	حرف
ال	حرف	مِنَ	حرف
حمد	إسم	الشَّيْطٰن	إسم
لِ	حرف	الرَّجِيْم	إسم
لاَ	حرف	إسْمِ	إسم
الٰهَ	إسم	الرَّحْمٰنِ	إسم
إِلاَّ	حرف	الرَّحِيْمِ	إسم
مُحَمَّدُ	إسم	أَحدٌ	إسم
رَّسُوْلُ	إسم	وَ	حرف
شَرِيْكَ	إسم	الصَّمَدُ	إسم
كَ	إسم	عَلٰى	حرف
اَللّٰهُمَّ	إسم	آلِ	إسم
صَلِّ	فعل	ه	إسم

اپنے جوابات چیک کیجیے!

ہر لائن کے پانچ نمبر ہیں۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

عربی	اردو
اللهُ أَكْبَرُ	اللہ سب سے بڑا ہے۔
سُبْحَانَ اللهِ	اللہ ہر عیب سے پاک ہے۔
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں۔
لَا اِلٰهَ إِلَّا اللهُ	اللہ کے سوا کوئی خدا نہیں ہے۔
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ	محمد اللہ کے رسول ہیں۔
لَا شَرِيْكَ لَكَ	(اے میرے اللہ!) تیرا کوئی شریک نہیں ہے۔
أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ	میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں، شیطان مردود کے شر سے۔
بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اللہ کے نام (سے شروع) جو بہت ہی مہربان ہے اور جس کی شفقت ابدی ہے۔
اللهُ أَحَدٌ، اللهُ الصَّمَدُ	اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز اور خود مختار ہے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ	اے اللہ! تو محمد اور ان کی اولاد و پیروکاروں پر اپنی رحمت نازل فرما۔
سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِهٖ	اللہ ہر عیب سے پاک ہے اور اس کی تعریف کے ساتھ (میں اس کی تسبیح بیان کرتا ہوں۔)
صلى الله عليه واله وسلم	ان پر اللہ کی رحمت اور سلامتی ہو۔

سبق 2A: تذکیر و تانیث

اپنے جوابات چیک کیجیے! (ا)

ہر لائن کا ایک نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

لفظ	معنی	مذکر یا مؤنث؟
أَخٌ	بھائی	مُذَکَّرٌ
أُخْتٌ	بہن	مُؤَنَّث
وَالِدٌ	باپ	مُذَکَّرٌ
وَالِدَةٌ	ماں	مُؤَنَّث
أَبٌّ	باپ	مُذَکَّرٌ
اُمٌّ	ماں	مُؤَنَّث
خَالٌ	ماموں	مُذَکَّرٌ
خَالَةٌ	خالہ	مُؤَنَّث
عَمٌّ	چچا	مُذَکَّرٌ
عَمَّةٌ	پھوپھی	مُؤَنَّث
فَاسِقٌ	گناہ گار، بدکردار	مُذَکَّرٌ
فَاسِقَةٌ	گناہ گار، بدکردار	مُؤَنَّثٌ
حَسَنٌ	نیک	مُذَکَّرٌ
حَسَنَةٌ	نیک	مُؤَنَّثٌ

سبق 2A: تذکیر وتانیث

لفظ	معنی	مذکر یا مؤنث؟
قَبِيْحٌ	بدصورت	مُذَكَّرٌ
قَبِيْحَةٌ	بدصورت	مُؤَنَّث
كَبِيْرٌ	بڑا	مُذَكَّرٌ
كَبِيْرَةٌ	بڑی	مُؤَنَّث
صَغِيْرٌ	چھوٹا	مُذَكَّرٌ
صَغِيْرَةٌ	چھوٹی	مُؤَنَّث
هٰذَا	یہ	مُذَكَّرٌ
هٰذِهٖ	یہ	مُؤَنَّث
جَنَّةٌ	باغ	مُؤَنَّث
جَهَنَّمُ	جہنم	مُؤَنَّث
عَرِيْسٌ	دولہا	مُذَكَّرٌ
عُرُوْسٌ	دولہن	مُؤَنَّث
شَدِيْدٌ	سخت	مُذَكَّرٌ
شَدِيْدَةٌ	سخت	مُؤَنَّث
سُوْقٌ	بازار	مُؤَنَّث
طَوِيْلَةٌ	لمبی	مُؤَنَّث

سبق 2A: تذکیر و تانیث

لفظ	معنی	مذکر یا مؤنث؟
أصفرُ	پیلا	مُذَكَّرٌ
صَفرَآءُ	پیلی	مُؤَنَّث
أخْضَرُ	سبز	مُذَكَّرٌ
خَضْرآءُ	سبز	مُؤَنَّث
أحْمَرُ	سرخ	مُذَكَّرٌ
حَمرَآءُ	سرخ	مُؤَنَّث
أزْرَقُ	نیلا	مُذَكَّرٌ
زَرْقَآءُ	نیلی	مُؤَنَّث
أجْمَلُ	خوبصورت ترین	مُذَكَّرٌ
جُمْلٰی	خوبصورت ترین	مُؤَنَّث
صَادِقٌ	سچا	مُذَكَّرٌ
صَادِقَةٌ	سچی	مُؤَنَّث
شَاهِدٌ	گواہ، دیکھنے والا	مُذَكَّرٌ
شَاهِدَةٌ	گواہ، دیکھنے والی	مُؤَنَّث
كَاذِبٌ	جھوٹا	مُذَكَّرٌ
كَاذِبَةٌ	جھوٹی	مُؤَنَّث

اپنے جوابات چیک کیجیے! (۲)

ہر لفظ کا ایک نمبر ہے۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث
حَسَنٌ	حسنة	أسْوَدُ	سوداء
وَالِدٌ	والدة	أخْضَرُ	خضراء
أصفَرُ	صفراء	أبيَضُ	بيضاء
قَبِيْحٌ	قبيحة	أخٌ	اُخت
شَاهِدٌ	شاهدة	أزْرَقُ	زرقاء
أحْمَرُ	حمراء	خَالٌ	خالة
حَسَنٌ	حسنة	كَبِيْرٌ	كبيرة
صَغِيْرٌ	صغيرة	أبّ	اُمٌ
أجْمَلُ	جُملى	هٰذَا	هذه
عَمّ	عمّة	شَدِيْدٌ	شديدة
صَادِقٌ	صادقة	زَاهِدٌ	زاهدة
كَاذِبٌ	كاذبة	فَاسِقٌ	فاسقة
عَرِيْسٌ	عُرُوس	رَحِيمٌ	رحيمة
عَابِدٌ	عابدة	زَعِيم	زعيمة
نَصِيرٌ	نصيرة	كَرِيمٌ	كريمة

اپنے جوابات چیک کیجیے!

ہر لائن کے پانچ نمبر ہیں۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

عربی	اردو
اللّٰهُ أكبَرُ	اللہ سب سے بڑا ہے۔
سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ و بحمدك و تبارك اسمك	اے اللہ! تو پاک ہے۔ تیری تعریف کے ساتھ (میں آغاز کرتا ہوں)۔ تیرا نام بلند ہے۔
و تعالى جدك و لا اله غيرك.	تیری بزرگی بہت ہی بلند ہے اور تیرے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے۔
أعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ.	میں شیطان مردود کے شر سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.	اللہ کے نام سے شروع، جو بہت ہی مہربان ہے، جس کی شفقت ابدی ہے۔
الحَمدُ لِلّٰهِ رَبِّ العَالَمِين. الرحمن الرحيم.	تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کو پروان چڑھانے والا ہے۔ نہایت ہی مہربان اور ابدی شفقت والا ہے۔
مَالك يَوْمِ الدِّين. إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ.	وہی روز جزا کا مالک ہے۔ (اے اللہ!) ہم صرف اور صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف اور صرف تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔
اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ.	ہمیں سیدھی راہ کی طرف ہدایت عطا فرما۔
صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ،	اس راہ (کی طرف جو ان لوگوں کی راہ ہے) جن پر تو نے انعام فرمایا۔
غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلاَ الضَّالِّينَ. آمين	نہ کہ ان لوگوں کی راہ کی طرف جن پر تیرا غضب ہوا اور نہ ہی گمراہوں (کی راہ) کی طرف۔ (اے اللہ!) قبول فرما۔
سُبحَان رَبِّيَّ العَظِيم.	میرا رب بہت ہی عظمت والا ہے۔
سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَه،	اللہ نے (اس کی حمد کو) سن لیا جس نے اس کی تعریف کی۔
رَبَّنَا لَكَ الحَمد.	اے اللہ! تعریف تو بس تیرے ہی لئے ہے۔

عربی	اردو
سبحَان رَبِّيَّ الأعلى.	میرا رب ہر عیب سے پاک ہے اور بلند ترین ہے
التَّحِيَّاتُ للهِ وَ الصَّلٰوةُ وَ الطَّيِّبَاتُ ،	تمام تحیات، نمازیں اور پاکیزہ کلمات اللہ ہی کے لئے ہیں
السَّلامُ عَلَيكَ ايُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللهِ وَ بَرَكَاتُه‘ ،	اے نبی! آپ پر سلام ہو، اللہ کی رحمت اور اس کی برکت ہو۔
السَّلامُ عَلَينَا وَ عَلى عِبَادِ اللهِ الصَالِحِينَ.	ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہو۔
أشهَدُ اَنْ لا اِلٰهَ الاَّ اللهِ ،	میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی خدا نہیں ہے
وَ أشهَدُ أنَّ مُحَمَّدًا عَبدُه‘ وَ رَسُولُه‘.	اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔
اللهُمَّ صَلّي عَلى مُحَمدٍ وَ عَلى آلِ محمد	اے اللہ! محمد اور ان کی اولاد و پیروکاروں پر اپنی رحمت نازل فرما۔
كَمَا صَلّيتَ عَلى إبراهِيمَ و على آل إبراهيمَ ،	جیسا کہ تو نے ابراہیم اور ان کی اولاد و پیروکاروں پر اپنی رحمت نازل فرما۔
إنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ.	بے شک تو ہی حمد کے لائق اور بزرگی والا ہے۔
اللهُمَّ بَارِكْ عَلى محمد و على آل محمد ،	اے اللہ! محمد اور ان کی اولاد و پیروکاروں پر اپنی برکت نازل فرما۔
كما بَارَكْتَ عَلى إبراهِيمَ و على آل إبراهيمَ ،	جیسا کہ تو نے ابراہیم اور ان کی اولاد و پیروکاروں پر اپنی برکت نازل فرمائی۔
إنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ.	بے شک تو ہی حمد کے لائق اور بزرگی والا ہے۔
السَّلامُ عَلَيْكُم و رَحْمَةُ اللهِ.	آپ سب پر سلامتی اور اللہ کی رحمت ہو۔

اپنے جوابات چیک کیجیے!

ہر لائن کے تین نمبر ہیں۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

رَفْعٌ Subjective	مَعنٰی Meanings	نَصَبْ Objective	جَرّ Possessive
مُحَمَّدٌ	محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	مُحَمَّدًا	مُحَمَّدٍ
رَسُولٌ	کوئی رسول، کوئی پیغمبر	رَسُولاً	رَسُولٍ
الرَسولُ	خاص رسول	الرَسولَ	الرَسولِ
شَيئٌ	کوئی سی چیز	شَيئًا	شَيئٍ
الشيئُ	مخصوص چیز	الشيئَا	الشيئِ
آيةٌ	کوئی سی نشانی	آيتًا	آيةٍ
الآيةُ	مخصوص نشانی	الآيةَ	الآيةِ
جَنَّةٌ	کوئی سا باغ	جَنَّتًا	جَنَّةٍ
الجَنَّةُ	مخصوص باغ	الجَنَّةَ	الجَنَّةِ
بِنْتٌ	کوئی لڑکی، کوئی بیٹی	بِنْتًا	بِنْتٍ
البِنتُ	مخصوص لڑکی یا بیٹی	البِنتَ	البِنتِ
سَمَآءٌ	کوئی آسمان، کوئی بلندی	سَمَآءً	سَمَآءٍ
السَّمَآءُ	خاص آسمان یا بلندی	السَّمَآءَ	السَّمَآءِ

اپنے جوابات چیک کیجیے!

ہر لائن کے تین نمبر ہیں۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

اردو	عربی
یہ نیکی نہیں ہے	لَيْسَ الْبِرَّ
کہ تم اپنے چہرے مشرق یا مغرب کی طرف کرلو	أَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ
بلکہ نیکی تو (اس شخص کی نیکی ہے)	وَلَكِنَّ الْبِرَّ
جو اللہ، روز آخرت، فرشتوں، آسمانی کتاب اور انبیاء پر ایمان لائے	مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَالْمَلائِكَةِ وَالْكِتَابِ وَالنَّبِيِّينَ
اور اپنا مال اس (اللہ) کی محبت میں رشتے داروں، یتیموں، غریبوں، مسافروں، سوال کرنے والوں اور غلاموں (کو آزاد کرنے کے لئے) خرچ کرے	وَآتَى الْمَالَ عَلَى حُبِّهِ: ذَوِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَالسَّائِلِينَ وَفِي الرِّقَابِ
اور نماز قائم کرے اور زکوۃ ادا کرے	وَأَقَامَ الصَّلاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ
اور (نیک لوگ تو وہی ہیں جو) وعدہ پورا کرنے والے ہیں جب وہ وعدہ کر بیٹھیں	وَالْمُوفُونَ بِعَهْدِهِمْ إِذَا عَاهَدُوا
اور مصیبت، نقصان اور جنگ کے وقت ثابت قدم رہنے والے ہیں	وَالصَّابِرِينَ فِي الْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ وَحِينَ الْبَأْسِ
یہی وہ لوگ ہیں جنھوں نے (اللہ سے اپنے وعدے کو) سچ کر دکھایا اور یہی لوگ تو اللہ سے ڈرنے والے ہیں۔	أُولَئِكَ الَّذِينَ صَدَقُوا وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ

نوٹ کیجیے کہ عربی میں ہر طے شدہ بات کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جاتا۔ یہی وجہ ہے کہ ترجمہ کرتے ہوئے ہم نے بعض ناگزیر الفاظ کا اضافہ کیا ہے۔ یہ الفاظ (بریکٹ) میں لکھے گئے ہیں۔ ان کا مفہوم مخاطب کو خود اخذ کرنا ہوتا ہے۔

سبق 4A: واحد، تثنیہ، جمع

اپنے جوابات چیک کیجیے (ا) ہر لائن کے چار نمبر ہیں۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔ نصب اور جر میں ایک ہی لفظ ہونے کی صورت میں ہم نے ایک ہی لفظ لکھا ہے جبکہ مختلف الفاظ ہونے کی صورت میں انہیں لائن لگا کر الگ الگ لکھا ہے۔

وَاحِدٌ Singular	مَعنٰی Meanings	تَثْنِيَةٌ Two / Pair		جَمْعٌ Plural	
		رفع	نصب | جر	رفع	نصب | جر
مُسلِمٌ	مسلمان	مُسلِمَانِ	مُسلِمَينِ	مُسلِمُونَ	مُسلِمِينَ
كِتَابٌ	کتاب	كِتَابَانِ	كِتَابَينِ	كُتُبٌ	كُتُبًا | كُتُبٍ
مُتقِي	پرہیز گار	مُتَّقِيانِ	مُتَّقِيَينِ	مُتَّقِيُونَ	مُتَّقِيِينَ
مُومِنٌ	صاحب ایمان	مُؤمِنَانِ	مُؤمِنَينِ	مُؤمِنُونَ	مُؤمِنِينَ
أعظَمُ	سب سے عظیم	عَظِيمَانِ	عَظِيمَينِ	أعَاظِمُ	أعَاظِمَ
سَفِيهٌ	بے وقوف	سَفِيهَانِ	سَفِيهَينِ	سُفَهَاءُ	سُفَهَاءَ
مُصلِحٌ	مصلح	مُصْلِحَانِ	مُصْلِحَينِ	مُصْلِحُونَ	مُصْلِحِينَ
شَيطَانٌ	شیطان	شَيطَانَانِ	شَيطَانَينِ	شَيَاطِينُ	شَيَاطِينَ
مُفسِدٌ	فساد پھیلانے والا	مُفسِدَانِ	مُفسِدَينِ	مُفسِدُونَ	مُفسِدِينَ
ظُلمَةٌ	تاریکی	ظُلمَتَانِ	ظُلمَتَينِ	ظُلُمَاتٌ	ظُلُمَاتً | ظُلُمَاتٍ
صَاعِقَةٌ	آسمانی بجلی	صَاعِقَتَانِ	صَاعِقَتَينِ	صَوَاعِقُ	صَوَاعِقَ
جَنَّةٌ	باغ	جَنَّتَانِ	جَنَّتَينِ	جَنَّاتٌ	جَنَّاتً | جَنَّاتٍ

سبق 4A: واحد، تثنیہ، جمع

<table>
<tr><th>وَاحِدٌ
Singular</th><th>مَعْنٰی
Meanings</th><th colspan="2">تَثْنِيَةٌ
Two / Pair</th><th colspan="2">جَمْعٌ
Plural</th></tr>
<tr><th></th><th></th><th>رفع</th><th>نصب | جر</th><th>رفع</th><th>نصب | جر</th></tr>
<tr><td>ضَآلٌ</td><td>گمراہ</td><td>ضَآلَانِ</td><td>ضَآلَيْنِ</td><td>ضَآلُونَ</td><td>ضَآلِينَ</td></tr>
<tr><td>صَلٰوةٌ</td><td>نماز</td><td>صَلَاتَانِ</td><td>صَلَاتَيْنِ</td><td>صَلَوٰتٌ</td><td>صَلَوٰتً | صَلَوٰتٍ</td></tr>
<tr><td>قَلْبٌ</td><td>دل</td><td>قَلْبَانِ</td><td>قَلْبَيْنِ</td><td>قُلُوبٌ</td><td>قُلُوبًا | قُلُوبٍ</td></tr>
<tr><td>مَرَضٌ</td><td>مریض</td><td>مَرَضَانِ</td><td>مَرَضَيْنِ</td><td>أَمْرَاضٌ</td><td>أَمْرَاضًا | أَمْرَاضٍ</td></tr>
<tr><td>سُورَةٌ</td><td>سورت</td><td>سُورَتَانِ</td><td>سُورَتَيْنِ</td><td>سُوَرٌ</td><td>سُوَرًا | سُوَرٍ</td></tr>
<tr><td>عَابِدٌ</td><td>عبادت گزار</td><td>عَابِدَانِ</td><td>عَابِدَيْنِ</td><td>عَابِدُونَ</td><td>عَابِدِينَ</td></tr>
<tr><td>نَهْرٌ</td><td>دریا،نہر</td><td>نَهْرَانِ</td><td>نَهْرَيْنِ</td><td>أَنْهَارٌ</td><td>أَنْهَارًا | أَنْهَارٍ</td></tr>
<tr><td>أُذُنٌ</td><td>کان</td><td>أُذُنَانِ</td><td>أُذُنَيْنِ</td><td>آذَانٌ</td><td>آذَانًا | آذَانٍ</td></tr>
<tr><td>مَثَلٌ</td><td>مثال</td><td>مَثَلَانِ</td><td>مَثَلَيْنِ</td><td>أَمْثَالٌ</td><td>أَمْثَالًا | أَمْثَالٍ</td></tr>
<tr><td>عَذَابٌ</td><td>عذاب،سزا</td><td>عَذَابَانِ</td><td>عَذَابَيْنِ</td><td>عَذَابُونَ</td><td>عَذَابِينَ</td></tr>
<tr><td>صَغِيرٌ</td><td>چھوٹا</td><td>صَغِيرَانِ</td><td>صَغِيرَيْنِ</td><td>أَصَاغِرُ</td><td>أَصَاغِرَ | أَصَاغِرِ</td></tr>
<tr><td>غِشَاوَةٌ</td><td>اندھیرا</td><td>غِشَاوَتَانِ</td><td>غِشَاوَتَيْنِ</td><td>غِشَاوَاتٌ</td><td>غِشَاوَاتً | غِشَاوَاتٍ</td></tr>
<tr><td>فَاسِقٌ</td><td>گناہ گار</td><td>فَاسِقَانِ</td><td>فَاسِقَيْنِ</td><td>فَاسِقُونَ</td><td>فَاسِقِينَ</td></tr>
<tr><td>نُورٌ</td><td>روشنی</td><td>نُورَانِ</td><td>نُورَيْنِ</td><td>أَنْوَارٌ</td><td>أَنْوَارًا | أَنْوَارٍ</td></tr>
</table>

سبق 4A: واحد، تثنیہ، جمع

اپنے جوابات چیک کیجیے (۲) ہر لائن کے چار نمبر ہیں۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

وَاحِدٌ Singular	مَعنیٰ Meanings	تَثْنِيَةٌ Two / Pair		جَمْعٌ Plural	
		رفع	نصب | جر	رفع	نصب | جر
مُسلِمَةٌ	مسلم خاتون	مُسلِمَتَان	مُسلِمَتَين	مُسلِمَاتٌ	مُسلِمَاتٍ | مُسلِمَاتٍ
عَابِدَةٌ	عبادت گزار خاتون	عَابِدَتَان	عَابِدَتَين	عَابِدَاتٌ	عَابِدَاتٍ
سَاجِدَةٌ	سجدہ کرنے والی	سَاجِدَتَان	سَاجِدَتَين	سَاجِدَاتٌ	سَاجِدَاتٍ
نَاظِرَةٌ	دیکھنے والی	نَاظِرَتَان	نَاظِرَتَين	نَاظِرَاتٌ	نَاظِرَاتٍ
صَائِمَةٌ	روزہ رکھنے والی	صَائِمَتَان	صَائِمَتَين	صَائِمَاتٌ	صَائِمَاتٍ
مُؤمِنَةٌ	ایمان والی	مُؤمِنَتَان	مُؤمِنَتَين	مُؤمِنَاتٌ	مُؤمِنَاتٍ
ثَيِّبَةٌ	شادی شدہ خاتون	ثَيِّبَتَان	ثَيِّبَتَين	ثَيِّبَاتٌ	ثَيِّبَاتٍ
قَانِتَةٌ	جھکے ہوئے دل والی	قَانِتَتَان	قَانِتَتَين	قَانِتَاتٌ	قَانِتَاتٍ
صَالِحَةٌ	نیک خاتون	صَالِحَتَان	صَالِحَتَين	صَالِحَاتٌ	صَالِحَاتٍ
صَادِقَةٌ	سچی	صَادِقَتَان	صَادِقَتَين	صَادِقَاتٌ	صَادِقَاتٍ
حَافِظَةٌ	حفاظت کرنے والی	حَافِظَتَان	حَافِظَتَين	حَافِظَاتٌ	حَافِظَاتٍ
صَابِرَةٌ	ثابت قدم رہنے والی	صَابِرَتَان	صَابِرَتَين	صَابِرَاتٌ	صَابِرَاتٍ
خَاشِعَةٌ	ڈرنے والی	خَاشِعَتَان	خَاشِعَتَين	خَاشِعَاتٌ	خَاشِعَاتٍ

سبق 4A: واحد، تثنیہ، جمع

اپنے جوابات چیک کیجیے (۳) ہر لائن کے چار نمبر ہیں۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

مؤنث Feminine	مذکر Masculine	تَثْنِيَةٌ Two / Pair		جَمْعٌ Plural	
		رفع	نصب ا جر	رفع	نصب ا جر
مُسلِمَةٌ	مُسلِمٌ	مُسلِمَانِ	مُسلِمَينِ	مُسلِمُونَ	مُسلِمِينَ
عَابِدَةٌ	عَابِدٌ	عَابِدانِ	عَابِدَينِ	عَابِدُونَ	عَابِدِينَ
سَاجِدَةٌ	سَاجِدٌ	سَاجِدانِ	سَاجِدَينِ	سَاجِدُونَ	سَاجِدِينَ
ناظِرَةٌ	ناظِرٌ	ناظِرانِ	ناظِرَينِ	ناظِرُونَ	ناظِرِينَ
صَائِمَةٌ	صَائِمٌ	صَائِمانِ	صَائِمَينِ	صَائِمُونَ	صَائِمِينَ
مُؤمِنَةٌ	مُؤمِنٌ	مُؤمِنَانِ	مُؤمِنَينِ	مُؤمِنُونَ	مُؤمِنِينَ
ثَيِّبَةٌ	ثَيِّبٌ	ثَيِّبَانِ	ثَيِّبَينِ	ثَيِّبُونَ	ثَيِّبِينَ
قَانِتَةٌ	قَانِتٌ	قَانِتَانِ	قَانِتَينِ	قَانِتُونَ	قَانِتِينَ
صَالِحَةٌ	صَالِحٌ	صَالِحَانِ	صَالِحَينِ	صَالِحُونَ	صَالِحِينَ
صَادِقَةٌ	صَادِقٌ	صَادِقَانِ	صَادِقَينِ	صَادِقُونَ	صَادِقِينَ
حَافِظَةٌ	حَافِظٌ	حَافِظَانِ	حَافِظَينِ	حَافِظُونَ	حَافِظِينَ
صَابِرَةٌ	صَابِرٌ	صَابِرانِ	صَابِرَينِ	صَابِرُونَ	صَابِرِينَ
خَاشِعَةٌ	خَاشِعٌ	خَاشِعانِ	خَاشِعَينِ	خَاشِعُونَ	خَاشِعِينَ

اپنے جوابات چیک کیجیے!

ہر لائن کے چار نمبر ہیں۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

عربی	اردو
اللَّهُ لا إِلَهَ إِلاَّ هُوَ	اللہ! اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے
الْحَيُّ الْقَيُّومُ	وہ ہمیشہ سے زندہ اور قائم ہے
لا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلا نَوْمٌ	اسے نہ تو اونگھ آسکتی ہے اور نہ ہی نیند
لَهُ مَا فِي السَّمَوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ	آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے، وہ اسی کا ہے
مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلاَّ بِإِذْنِهِ	کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے حضور کسی کی سفارش ہی کر سکے
يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ	جو کچھ ان کے ہاتھوں کے درمیان ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے، وہ اسے جانتا ہے
وَلا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهِ إِلاَّ بِمَا شَاءَ	وہ اس کے علم میں سے کسی بھی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے، سوائے اسے کہ کہ وہ خود چاہے
وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضَ ، وَلا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ، وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ	اس کا اقتدار آسمانوں اور زمین سے زیادہ وسیع ہے۔ ان دونوں کی حفاظت اسے تھکاتی نہیں ہے۔ وہی بہت ہی بلند اور عظمت والا ہے۔
لا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ	دین کے معاملے میں کوئی جبر نہیں ہے
قَدْ تَبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنْ الغَيِّ	ہدایت کو گمراہی سے ممتاز کر دیا گیا ہے

سبق 4B: اللہ! اس کے سوا کوئی معبود نہیں

عربی	اردو
فَمَنْ يَكْفُرْ بالطَّاغُوت وَيُؤْمنْ باللَّه فَقَدْ اسْتَمْسَكَ بَالْعُرْوَة الْوُثْقَى لاَ انفصَامَ لَهَا	تو جو کوئی شیطان کا انکار کر کے اللہ پر ایمان لاتا ہے، وہ ایسے مضبوط حلقے کو تھام لیتا ہے جو ٹوٹنے والا نہیں ہے
وَاللَّهُ سَميعٌ عَليمٌ	اور اللہ سننے اور جاننے والا ہے
اللَّهُ وَليُّ الَّذينَ آمَنُوا يُخرجُهُمْ منْ الظُّلُمَات إِلَى النُّور	اللہ اہل ایمان کا دوست ہے۔ وہ انہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال کر لاتا ہے
وَالَّذينَ كَفَرُوا أَوْلِيَاؤُهُمْ الطَّاغُوتُ يُخرجُونَهُمْ منْ النُّور إِلَى الظُّلُمَات	اور جو لوگ انکار کرتے ہیں، ان کے دوست شیاطین ہیں جو انہیں روشنی سے نکال کر اندھیروں کی طرف لے جاتے ہیں
أُوْلَئكَ أَصْحَابُ النَّار هُمْ فيهَا خَالدُونَ. (البقرة 2:255-257)	یہی لوگ آگ والے ہیں اور یہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

اپنے جوابات چیک کیجیے (ا)

ہر لائن کے دو نمبر ہیں۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

عربی	اردو
هُوَ مُسْلِمٌ	وہ (ایک مرد) مسلمان ہے
هُمَا مُسلمان	وہ (دونوں مرد) مسلمان ہیں
هُم مُسلِمُونَ	وہ (سب مرد) مسلمان ہیں
هِيَ مُسلِمَةٌ	وہ (ایک خاتون) مسلمان ہے
هُمَا مُسلِمَتَان	وہ (دو خواتین) مسلمان ہیں
هُنَّ مُسلِمَاتٌ	وہ (سب خواتین) مسلمان ہیں
أنتَ مُسْلِمٌ	آپ (ایک مرد) مسلمان ہیں
أنتُمَا مُسلمان	آپ (دونوں مرد) مسلمان ہیں
أنتُمْ مُسلِمُونَ	آپ (سب مرد) مسلمان ہیں
أنت مُسلِمَةٌ	آپ (ایک خاتون) مسلمان ہیں
أنتُمَا مُسلِمَتَان	آپ (دو خواتین) مسلمان ہیں
أنتُنَّ مُسلِمَاتٌ	آپ (سب خواتین) مسلمان ہیں
أنا مُسلِمٌ	میں (ایک مرد) مسلمان ہوں
نَحْنُ مُسلِمُونَ	ہم (سب مرد) مسلمان ہیں
أنا مُسلِمَةٌ	میں (ایک خاتون) مسلمان ہوں
نَحْنُ مُسلِمَاتٌ	ہم (سب خواتین) مسلمان ہیں

اپنے جوابات چیک کیجیے (۴)

ہر لائن کے دو نمبر ہیں۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

عربی	اردو
كِتَابُهُ	اس (ایک مرد) کی کتاب
كِتَابُهُمَا	ان (دو مردوں) کی کتاب
كِتَابُهُم	ان (سب مردوں) کی کتاب
كِتَابُهَا	اس (ایک خاتون) کی کتاب
كِتَابُهُمَا	ان (دو خواتین) کی کتاب
كِتَابُهُنَّ	ان (سب خواتین) کی کتاب
كِتَابُكَ	آپ (ایک مرد) کی کتاب
كِتَابُكُمَا	آپ (دو مردوں) کی کتاب
كِتَابُكُمْ	آپ (سب مردوں) کی کتاب
كِتَابُكِ	آپ (ایک خاتون) کی کتاب
كِتَابُكُمَا	آپ (دو خواتین) کی کتاب
كِتَابُكُنَّ	آپ (سب خواتین) کی کتاب
كِتَابِي	میری کتاب
كِتَابُنَا	ہماری کتاب

مشق نمبر ۹، ۸، ۶، ۵، ۳، ۲ کے جوابات جان بوجھ کر فراہم نہیں کئے جا رہے ہے۔

اپنے جوابات چیک کیجیے (۷)

ہر لائن کے دو نمبر ہیں۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

عربی	اردو
قَالَهُ	اس نے اس (ایک مرد) سے کہا
قَالَهُمَا	اس نے ان (دو مردوں) سے کہا
قَالَهُمْ	اس نے ان (سب مردوں) سے کہا
قَالَهَا	اس نے اس (ایک خاتون) سے کہا
قَالَهُمَا	اس نے ان (دو خواتین) سے کہا
قَالَهُنَّ	اس نے ان (سب خواتین) سے کہا
قَالَكَ	اس نے آپ (ایک مرد) سے کہا
قَالَكُمَا	اس نے آپ (دو مردوں) سے کہا
قَالَكُمْ	اس نے آپ (سب مردوں) سے کہا
قَالَكِ	اس نے آپ (ایک خاتون) سے کہا
قَالَكُمَا	اس نے آپ (دو خواتین) سے کہا
قَالَكُنَّ	اس نے آپ (سب خواتین) سے کہا
قَالَي	اس نے مجھ سے کہا
قَالَنَا	اس نے ہم سے کہا

اپنے جوابات چیک کیجیے! (۱۰)

ہر لائن کے دو نمبر ہیں۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

عربی	اردو
هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الأَرْضِ	وہی ہے جس نے زمین میں جو کچھ ہے، اسے تمہارے لئے تخلیق کیا۔
فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطَانُ	تو شیطان نے ان دونوں کو دھوکہ دیا۔
فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُونَ بِهِ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهِ	تو وہ لوگ ان دونوں سے وہ کچھ سیکھنے لگ گئے جس کے ذریعے وہ ایک شخص اور بیوی میں علیحدگی کروا دیا کرتے تھے۔
أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ	تو نے ان پر انعام فرمایا نہ کہ وہ جن پر تو نے غضب کیا۔
يَسْأَلُونَكَ عَنْ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ	وہ آپ سے شراب اور جوئے کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ آپ انہیں بتائیے کہ ان دونوں میں بڑا گناہ ہے۔
إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ	بے شک وہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔
فَلا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يَتَرَاجَعَا	تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں ہے اگر وہ رجوع کر لیں۔
وَبِالآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ	وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔
النَّارَ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ	وہ آگ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں۔
وَلَهُمْ فِيهَا أَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ	اور ان کے لئے اس میں پاکیزہ جوڑے ہوں گے۔
وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ	اور جو کچھ آپ سے پہلے نازل ہوا۔
أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَى بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ	کیا تم اس کو جو کمتر ہے اس سے تبدیل کرنا چاہتے ہو جو کہ بہتر ہے۔
فَلا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا	اس پر کوئی گناہ نہیں ہے اگر وہ ان دونوں کی سعی کر لے۔
قَالُوا أَتَجْعَلُ فِيهَا مَنْ يُفْسِدُ فِيهَا	وہ بولے: کیا آپ اس میں اسے خلیفہ بناتے ہیں جو اس میں فساد پھیلا دے گا۔

سبق 5A: اسم ضمیر Pronouns

عربی	اردو
إِنَّكَ أَنْتَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ	بے شک تو، تو ہی علم اور حکمت والا ہے۔
يَا آدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ	اے آدم! آپ اور آپ کی بیوی اس باغ میں رہیں۔
فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ	تو آپ ہمارے لئے اپنے رب سے دعا کیجیے۔
قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّى لَكِ هَذَا	وہ بولے، "اے مریم! یہ آپ کے پاس کہاں سے آیا۔"
وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقاً لِمَا مَعَهُمْ	اور وہ حق ہے جو تصدیق کرنے والا ہے اس کی جو ان کے ساتھ ہے۔
فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ	ان کے دلوں میں بیماری ہے۔
وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضَ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا	اس کی کرسی آسمانوں اور زمین سے وسیع ہے اور ان دونوں کی حفاظت اسے نہیں تھکا سکتی۔
مِمَّا تُنْبِتُ الأَرْضُ مِنْ بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا وَفُومِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا	جو کچھ زمین اگاتی ہے، اس کی ترکاری، اس کی ککڑی، اس کا گیہوں، اس کے مسور، اور اس کے پیاز۔
فَجَعَلْنَاهَا نَكَالاً	تو ہم نے اسے عبرت کا نشان بنا دیا۔
وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ	جبکہ ہم تو تسبیح بیان کرتے ہیں آپ کی حمد کے ساتھ اور ہم پاکیزگی بیان کرتے ہیں آپ کی۔
إِنَّ هُدَى اللَّهِ هُوَ الْهُدَى	بے شک اللہ کی ہدایت وہی ہدایت ہے۔
خَتَمَ اللَّهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَعَلَى سَمْعِهِمْ وَعَلَى أَبْصَارِهِمْ	اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی، اور ان کی سماعت پر اور ان کی بصارت پر۔
يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفَاكِ عَلَى نِسَاءِ الْعَالَمِينَ	اے مریم! بے شک اللہ نے آپ کو منتخب کر لیا ہے اور آپ کو پاک کر دیا ہے اور دنیا کی تمام خواتین میں سے آپ کا انتخاب کیا ہے۔
إِذْ هَمَّتْ طَائِفَتَانِ مِنْكُمْ أَنْ تَفْشَلَا وَاللَّهُ وَلِيُّهُمَا	یاد کرو جب تم میں سے دو گروہوں نے ہمت چھوڑ دی جبکہ اللہ ان دونوں کا مددگار تھا۔

اردو	عربی
بے شک اللہ آپ کو اپنی طرف سے ایک کلمہ کی بشارت دیتا ہے۔ اس کا نام مسیح، عیسی بن مریم ہو گا۔	إِنَّ اللَّهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ
اے پروردگار! میرے ہاں کہاں سے بچہ ہو سکتا ہے؟	رَبِّ أَنَّى يَكُونُ لِي وَلَدٌ
اس نے کہا، "میں ہی زندہ کرنے والا اور موت دینے والا ہوں۔"	قَالَ أَنَا أُحْيِي وَأُمِيتُ
وہ انہیں ڈھیل دیتا رہتا ہے کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں۔	وَيَمُدُّهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ
آپ میں سے جو بھی کھلی بے حیائی کا ارتکاب کرے،	مَنْ يَأْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ
وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔	هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ
ان دونوں سے بہت سے مرد اور خواتین (دنیا میں) پھیلا دیے۔	وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالاً كَثِيراً وَنِسَاءً
بے شک تو ہی غیب کا جاننے والا ہے۔	إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ
آپ مسلم خواتین ہیں۔	أَنْتُنَّ مُسلماتٌ
وہ سننے اور جاننے والا ہے۔	هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ
وہ تمہارا لباس ہیں اور تم ان کا لباس ہو۔	هُنَّ لِبَاسٌ لَكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَهُنَّ
آپ ایک خاتون ہیں۔	أَنتِ إمرَأةٌ
خبردار! بے شک وہی تو فساد پھیلانے والے ہیں۔	أَلا إِنَّهُمْ هُمْ الْمُفْسِدُونَ
آپ گھروں میں ٹھہری رہیے۔	وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ
ان دونوں میں سے ہر ایک کے لئے چھٹا حصہ ہے۔	لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسُ
آپ ان سے ازدواجی تعلقات قائم نہ کیجیے جبکہ آپ مساجد میں اعتکاف کیے ہوئے ہوں۔	وَلا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنْتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ

سبق 5A: اسم ضمیر Pronouns

اردو	عربی
طلاق یافتہ خواتین کو چاہیے کہ وہ اپنے نفس کو تین حیض تک روکے رکھیں۔ ان کے لئے یہ حلال نہیں ہے کہ وہ اسے چھپائیں جو اللہ نے ان کے رحم میں تخلیق فرمایا ہے۔	وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوءٍ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أَنْ يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللَّهُ فِي أَرْحَامِهِنَّ
میں تم پر ہاتھ اٹھانے والا نہیں ہوں۔	مَا أَنَا بِبَاسِطٍ يَدِيَ إِلَيْكَ
بے شک ہم تو ایک آزمائش ہیں، تم کفر نہ کرنا۔	إِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ
اے آدم! آپ انہیں ان کے نام بتایئے۔	يَا آدَمُ أَنْبِئْهُمْ بِأَسْمَائِهِمْ
ہم اس کے فرمانبردار ہیں۔	نَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ
انہوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ اپنے آپ پر ہی ظلم کیا کرتے تھے۔	وَمَا ظَلَمُونَا وَلَكِنْ كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ
ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت عطا فرما۔	اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ
آپ نے ان کی مدد کی۔	أَنتِ نَصَرْتِهِنَّ
حواریوں نے کہا، "ہم اللہ (کے دین کے) مددگار ہیں۔"	قَالَ الْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ أَنْصَارُ اللَّهِ
تم میں وہ دونوں جو جوڑا (مکروہ فعل) کا ارتکاب کریں، ان دونوں کو سزا دو۔ اگر وہ توبہ کر کے اصلاح کر لیں تو پھر ان دونوں سے چشم پوشی کرو۔	وَاللَّذَانِ يَأْتِيَانِهَا مِنْكُمْ فَآذُوهُمَا فَإِنْ تَابَا وَأَصْلَحَا فَأَعْرِضُوا عَنْهُمَا
میں ہدایت یافتہ لوگوں میں سے نہیں ہوں۔	وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ
حالت حیض میں خواتین سے الگ رہو۔ جب تک وہ پاک نہ ہو جائیں، ان سے قربت اختیار نہ کرو۔	فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّى يَطْهُرْنَ
بے شک یہ تمہاری چالوں میں سے ایک چال ہے۔ بے شک تمہاری چال بہت بڑی ہے۔	إِنَّهُ مِنْ كَيْدِكُنَّ إِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيمٌ

عربی	اردو
وَمَا أَنَا مِنْ الْمُشْرِكِينَ	میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں۔
وَمَا أَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ	آپ ان کے قبلہ کی پیروی کرنے والے نہیں ہیں۔
وَإِنْ كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِمَّا نَزَّلْنَا عَلَى عَبْدِنَا	اگر تمہیں اس میں کچھ شک ہے جو ہم نے اپنے بندے پر نازل کیا۔
إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ	بے شک ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں۔
هَذَا الَّذِي رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ	یہ وہی ہے جو اس سے پہلے ہمیں بطور رزق دیا گیا تھا۔
فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحاً جَمِيلاً	تو آؤ، میں تمہیں کچھ مال دوں اور اچھے انداز میں تمہیں رخصت کر دوں۔
رَبَّنَا لا تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا	اے ہمارے رب! اگر ہم بھول جائیں یا غلطی کر بیٹھیں تو ہمارا مواخذہ نہ فرما۔
وَلا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْراً كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِنَا	ہم پر ایسا بوجھ نہ لاد جیسا کہ تو نے اسے ان لوگوں پر لادا تھا جو کہ ہم سے پہلے گزرے تھے۔
رَبَّنَا وَلا تُحَمِّلْنَا مَا لا طَاقَةَ لَنَا بِهِ	اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جسے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں ہے۔
وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا أَنْتَ مَوْلانَا فَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ	ہمیں معاف فرما، ہماری مغفرت فرما، ہم پر رحم فرما، تو ہی ہمارا مولا ہے، انکار کرنے والی قوم کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔
أَنَّى يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ	اس کی ہم پر حکومت کیسے قائم ہو سکتی ہے جبکہ ہم اس سے زیادہ حکومت کے حقدار ہیں۔
فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلا	تو جائیے آپ اور آپ کا رب ہی جا کر لڑیے۔
فَإِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ أَجْراً عَظِيماً	تو بے شک اللہ نے تم میں سے نیک خواتین کے لئے بہت بڑا اجر تیار کر رکھا ہے۔

سبق 5B: نیت کرنا، دوسروں سے مانگنا اور دوسروں کی تعریف کرنا

اپنے جوابات چیک کیجیے! ہر لائن کے دو نمبر ہیں۔ اگر آپ کا اسکور ۸۰ فیصد سے کم ہے تو ٹسٹ دوبارہ کیجیے۔

عربی	اردو
1. حَدَّثَنَا الحُمَيْدِي قَالَ:	حمیدی نے ہم سے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا:
2. حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قال:	سفیان نے ہم سے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا:
3. حَدَّثَنَا يَحْيَى بِنْ سَعِيْد الأنصاري قال:	یحیی بن سعید انصاری نے ہم سے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا:
4. أخبَرْنِي مُحَمَّدُ بْنُ إبْرَاهِيْمَ التيْمِيُّ:	محمد بن ابراہیم التیمی نے ہمیں خبر دی:
5. أَنَّهُ سِمِعَ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَاصٍ اللَّيْثِي يَقُولُ:	کہ انہوں نے علقمہ بن وقاص اللیثی کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ:
6. سَمِعْتُ عُمْرَ بْنَ الخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَلَى المِنْبَرِ قَال:	میں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو منبر پر یہ کہتے ہوئے سنا کہ:
7. سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُولُ:	میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا:
8."إنَّمَا الأعْمَالُ بِالنِّيَّات، وَإنَّمَا لِكُلِّ امْرِىءِ مَا نَوَى،	"بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ ہر شخص کے لئے وہی ہے جس کی اس نے نیت کی ہو۔
فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إلَى دُنْيَا يُصِيْبُهَا،	تو جس کی ہجرت دنیا کے لئے ہو، وہ اسے پالے گا
أوْ إلى امْرَأة يَنْكِحُهَا، فَهِجْرَتُهُ إلى مَا هَاجَرَ إلَيه." (بخاری، كتاب الوحى، 1)	(اگر اس کی ہجرت) کسی خاتون سے شادی کرنے کے لئے ہو تو اس کی ہجرت اسی (مقصد) کے لئے ہے۔

اسلام نے مذہبی آزادی کو بے پناہ اہمیت دی ہے۔ ہر شخص کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے۔ اگر کسی شخص کو اس کا معاشرہ یہ آزادی دینے کے لئے تیار نہ ہو تو اس پر لازم ہے کہ وہ مذہبی آزادی کی تلاش میں، اگر ممکن ہو تو کسی دوسرے علاقے کی طرف ہجرت کرے۔ یہ عظیم عبادت ہے لیکن اگر یہ عظیم عبادت بھی دین کے علاوہ کسی اور مقصد سے ہے تو پھر اس شخص کو اللہ تعالی سے اجر کی توقع نہیں رکھنی چاہیے۔ ہاں وہ اپنا دنیاوی مقصد ضرور حاصل کرلے گا۔

سبق 5B: نیت کرنا، دوسروں سے مانگنا اور دوسروں کی تعریف کرنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کی احادیث بیان کرنے کے لئے ہمارے اسلاف نے ایک عجیب طریقہ اختیار کیا۔ یہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کے الفاظ بیان کرنے سے پہلے راویوں کی مکمل زنجیر بیان کیا کرتے تھے۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم سے لے کر حدیث کی کتاب لکھنے والے امام تک جتنے افراد سے گزر کر یہ حدیث پہنچی ہے، اس کی تفصیل بیان کر دی جائے تا کہ یہ چیک کیا جا سکے کہ یہ لوگ مستند ہیں کہ نہیں۔ اوپر بیان کردہ حدیث کی سند کی تفصیل یہ ہے:

- لائن نمبر ۱ امام بخاری کے الفاظ ہیں جو کہ "الجامع الصحیح" کے مصنف ہیں۔ یہ حدیث کی مشہور ترین کتاب ہے اور صحیح بخاری کے نام سے مشہور ہے۔
- لائن نمبر ۲ حمیدی کے الفاظ ہیں جو کہ امام بخاری کے استاذ ہیں۔
- لائن نمبر ۳ سفیان کے الفاظ ہیں جو حمیدی کے استاذ ہیں۔
- لائن نمبر ۴ یحیی بن سعید انصاری کے الفاظ ہیں جن سے سفیان نے حدیث حاصل کی ہے۔
- لائن نمبر ۵ محمد بن ابراہیم التیمی کے الفاظ ہیں جن سے یحیی بن سعید نے حدیث حاصل کی ہے۔
- لائن نمبر ۶ علقمہ بن وقاص اللیثی کے الفاظ ہیں جن سے التیمی نے حدیث سنی ہے۔
- لائن نمبر ۷ سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے الفاظ ہیں۔ علقمہ نے ان سے یہ حدیث سنی ہے۔
- لائن نمبر ۸ رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کے الفاظ ہیں جن سے یہ بات سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے سنی ہے۔

اگر ایک محقق اس حدیث کے مستند ہونے کو پرکھنا چاہے تو وہ اس سند میں آنے والے تمام افراد کے حالات زندگی کا مطالعہ کرے گا۔ ان کے کردار کی چھان بین کرے گا۔ ان کی عمومی شہرت کا تجزیہ کرے گا۔ اگر یہ سب کے سب قابل اعتماد لوگ ہوں گے تو حدیث کو مستند قرار دیا جائے گا۔ ان حضرات کے حالات زندگی سے متعلق تفصیلی معلومات فن رجال کی کتابوں میں درج کر دی گئی ہیں۔ امام بخاری نے یہ کام تفصیل سے کیا ہے اور صرف قابل اعتماد راویوں کی احادیث ہی اپنی کتاب میں درج کی ہیں۔ حدیث کے اس حصے کو سند کہا جاتا ہے۔ اس میں راویوں کے الفاظ بھی بہت اہم ہیں جن کے ذریعے وہ حدیث کے حصول کا طریقہ بیان کرتے ہیں۔ اس کی تفصیل یہ ہے:

- حدثنا: یعنی فلاں نے ہم سے حدیث بیان کی۔ یہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ بیان کرنے والے نے یہ حدیث خود اپنے استاذ سے سنی ہے۔
- اخبرنا: یعنی فلاں نے ہمیں خبر دی۔ یہ بھی حدثنا کی طرح ہی ہے اور اس کا ثبوت ہے کہ بیان کرنے والے نے یہ حدیث خود اپنے استاذ سے سنی ہے۔
- سمعتُ: یعنی میں نے سنا۔ اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ بیان کرنے والے نے حدیث کو اپنے استاذ سے خود سنا ہے۔ یہ تینوں الفاظ حدیث کے حصول کے مضبوط طریقے کو بیان کرتے ہیں۔
- عن: یعنی سے۔ یہ ایک کمزور لفظ ہے۔ اس سے یہ علم نہیں ہوتا کہ بیان کرنے والے نے حدیث کو خود اپنے استاذ سے سنا ہے یا پھر کسی اور کے ذریعے اس نے حدیث حاصل کی ہے۔ بعض راویوں کی یہ عادت رہی ہے کہ وہ درمیان کے واسطوں کو حذف کرنے کے لئے عن کا لفظ استعمال کرتے تھے۔ اس عمل کو تدلیس کہا جاتا ہے۔ تدلیس کرنے والے راویوں کی حدیث عن کے الفاظ کے ساتھ قبول نہیں کی جاتی اور اسے غیر مستند قرار دے دیا جاتا ہے۔

سبق 5B: نیت کرنا، دوسروں سے مانگنا اور دوسروں کی تعریف کرنا

عربی	اردو
حَدَّثَنَا مُوسَى بِن إِسْمَاعِيلَ:	موسی بن اسماعیل نے ہم سے حدیث بیان کی کہ:
حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ:	وہیب نے ہم سے حدیث بیان کی کہ:
حَدَّثَنَا هِشَامُ، عَنْ أَبِيه، عَنْ حَكِيْمِ ابنِ حِزَامِ رضي الله عنه، عن النَبِيِّ صلى الله عليه وسلم قالَ:	ہشام نے اپنے والد سے اور انہوں نے حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے اور انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث بیان کی، آپ نے فرمایا:
"اليَدُ العُلْيَا خَيْرٌ مِنْ اليَدِ السُفْلَى،	"اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔
وَابدَأ بِمَنْ تَعُوْلُ،	اس سے شروع کرو جو کہ قریبی رشتے دار ہو۔
وَخَيْرُ الصَّدَقَةِ عَنْ ظَهْرِ غِنًى،	بہترین صدقہ وہ ہے جس کے بعد بھی انسان صاحب مال رہے (یعنی کنگال نہ ہو جائے۔)
وَمَنْ يَسْتَعْفِفْ يُعِفَهُ اللهُ،	وہ بھیک مانگنے سے بچے، اللہ اسے اس سے محفوظ رکھے گا
وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِه اللهُ." (بخاری، كتاب الزكوة، 1361)	اور جو غنی ہونے کی کوشش کرے گا، اللہ اسے غنی کر دے گا

غور فرمایئے:

- اس حدیث کی سند میں لفظ "عن" استعمال کیا گیا ہے۔ اس کے باوجود یہ حدیث مستند کیوں ہے؟ دراصل اس کے راوی قابل اعتماد (ثقہ) ہیں۔ راویوں کے نام چھپانا ان کی عادت نہیں تھی۔
- اوپر والے ہاتھ اور نیچے والے ہاتھ سے کیا مراد ہے؟

عربی	اردو
وحدثنا محمدُ بْنُ الْمُثَنَّى ومحمدُ بن بَشَارٍ (وَاللَّفظُ لِابنِ المثنى) قَالاَ:	محمد بن مثنی اور محمد بن بشار نے ہم سے حدیث بیان کی۔(الفاظ ابن مثنی کے ہیں) ان دونوں نے کہا
حدثنا محمدُ بنُ جَعْفَرٍ:	محمد بن جعفر نے ہم سے حدیث بیان کی:
حدثنا شُعبَةُ عن مَنصُورٍ، عن إبراهيمَ، عن هَمَّامِ بنِ الحَارِثِ؛	شعبہ بن منصور نے ابراہیم سے، انہوں نے ہمام بن حارث سے حدیث بیان کی کہ
أَنَّ رَجُلاً جَعَلَ يَمْدَحُ عُثْمَانَ.	ایک شخص نے عثمان رضی اللہ عنہ (کے سامنے) ان کی تعریف کی
فَعمدَ المِقْدَادُ. فَجَثَا عَلَى رُكْبَتَيْهِ. وكانَ رَجُلاً ضَخمًا.	مقداد رضی اللہ عنہ آگے بڑھے، اپنے گھٹنوں کے بل بیٹھے، اگرچہ ان کا جسم بھاری تھا
فَجَعَلَ يَحْثُو فِي وَجْهِهِ الحَصْبَاءَ.	انہوں نے اس شخص کے چہرے پر کنکریاں پھینکیں
فقَالَ لَه عُثمَانُ: مَا شَأنُكَ؟ فقال: إنَّ رَسُولَ الله صلى الله عليه وسلم قال:	عثمان نے ان سے کہا، "تمہیں کیا ہوا؟" کہنے لگے، "بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا"
"إِذَا رَأَيتُمْ المَدَاحِينَ، فَاحثُوا فِي وُجُوهِهِمُ التُّرَابَ". (مسلم، كتاب الزهد و الرقائق، 3002)	"جب تم کسی کو تعریف کرتے ہوئے دیکھو تو ان کے چہروں پر مٹی پھینکو۔"

سیدنا مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ قدیم الاسلام اور جلیل القدر صحابی ہیں۔ غالباً ان کے اس عمل کی وجہ یہ ہو گی کہ اس شخص نے سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے خلیفہ ہونے کی وجہ سے ان کی چاپلوسی کی ہو گی تاکہ ان سے کچھ فائدہ اٹھا سکے۔ اسلام میں حکمرانوں کی چاپلوسی ایک نہایت ہی مکروہ فعل ہے۔ مقداد رضی اللہ عنہ نے اس شخص کی حوصلہ شکنی فرمائی۔ اس بدویانہ اور بے تکلف معاشرے میں جذبات کے اظہار کا یہ طریقہ عام تھا۔

غور فرمائیے کہ: اس حدیث میں کسی کے منہ پر اس کی تعریف سے منع کیوں کیا گیا ہے؟ تعریف کی کون سی قسم ممنوع ہے؟

اگلا لیول

اس لیول میں آپ نے عربی رسم الخط اور روز مرہ مذہبی معاملات میں استعمال ہونے والی بنیادی عربی زبان سے واقفیت حاصل کی ہے۔ اگلے لیول پر آپ درمیانے درجے کی عربی زبان سیکھنے کا آغاز کریں گے۔ اس کی کچھ جھلکیاں یہ ہیں:

- اسم معرفہ اور اسم نکرہ
- عربی مرکبات
- اسم اشارہ
- عربی جملے
- اسم موصول
- اعداد
- حروف
- سمتیں
- رشتے

اس کے ساتھ ساتھ ہم قرآن مجید، حدیث اور قدیم اہل علم کی کتب کے اقتباسات کا مطالعہ بھی جاری رکھیں گے انشاء اللہ۔

مطالعہ کیجیے

تعمیر شخصیت پروگرام۔ شخصیت کی تعمیر سے متعلق تحریروں کا مطالعہ کیجیے۔

http://www.mubashirnazir.org/PD/Personalityurdu.htm

مآخذ و مراجع

اس کتاب کی تیاری میں ان کتب سے استفادہ کیا گیا ہے:

القرآن و الْحديث

- القُرآنُ الكريْمُ
- الْمؤَطَا لِمَالك ابن أنس
- الْجامع الصحيح، للإمام بخاري
- الْجَامعُ الصَّحيحُ، للإمام مسلم
- سُنَن أبي داود و ترمذي و نسائي وابن ماجة

علم الصرف و الْنحو

- أسباق النحو ، حَميد الدين الفراهي
- آسان عربي گرامر، لطف الرحْمن خان
- عربي كا معلم ، مولوي عبدالستار خان
- كِتَابُ الصَّرف ، حافظ عَبدُالرَّحْمَن أمرتسري
- قواعد اللغة العربية المبسطة ، عبد اللطيف السعيد
- الْنَحوُ الأساسي ، دكتور أحْمَد مُختار عمر ، دكتور مصطفى النحاس زهران ، دكتور محمد حَمَاسَة عبداللطيف
- الْنَحوُ الوَاضِح ، علي الْجَارِم و مُصطَفى أمِيْن
- الْقَوَاعِدُ الأسَاسِيةُ للُغَةِ الْعَرَبِيَّةُ ، السيد أحْمد الْهَاشِمي

علم البلاغة

- البَلاغَةُ الوَاضِحَة، علي الْجَارِم و مُصطَفى أمِيْن
- جواهر البَلاغَة فِي الْمَعَاني و البَيَان و البَديع ، السيد أحْمد الْهَاشِمي
- أسرار البلاغة ، للجرجاني

تعليم اللغة العربية

- تعليم اللغة العربية ، جامعة الإسلامية بِمدينة الْمُنورة
- العَرَبِيَّةُ بَيْنَ يَدَيك، دكتور عبد الْرَّحْمَن بن إبراهيم الفوزان، دكتور مُختار الطاهر حسين، محمد عبد الْخالق محمد فضل
- دُرُوسُ الْلُغَةِ العَرَبِيَّة لِغَيْرِ الْنَاطِقِيْنَ بِهَا ، الْدكتُور ف. عَبدُ الرَحِيم

الأدب العربي

- أزْهَارُ الْعَرَبْ، محمد بن يوسف السورتي
- دَرَاسَةُ البَلاغَة الْعَرَبِيَّة فِي ضَوءِ النَّصِّ العَرَبِي ، الدكتور عبدالله بن أحْمد العطاس
- الْجَوَانِبُ الإعْلامية فِي خُطُبِ الرَّسُول صلي الله عليه وسلم ، سعيد بن علي ثابت
- مُخْتَارَات من أدَبِ العَرَبْ ، أبو الْحَسَنْ علي الْحَسنِي النَدوي
- صُوَر مِن حَياة الصَّحَابَة ، الدكتور عبد الرحْمَن رأفت باشا

قاموس و غيْرهم

- الْمَورِدْ قاموس عربي إنكليزي ، الدكتور روحي بَعَلْبَكي
- القَاموس لشركة صخر لِبَرَامِجِ الْحَاسب
- تاج العروس، السيد محمد مرتضى الْحُسينِي الزبيدي

مصنف کی دیگر تحریریں www.mubashirnazir.org پر دستیاب ہیں۔

مصنف کی دیگر تحریریں www.mubashirnazir.org پر دستیاب ہیں۔